یعنی پھر شیراز جانے کا حکم ہوا جب وہاں پہنچا تو دیکھا کہ شیراز ایک بہت بڑا
شہر ہے اور اسکے اطراف میں باغات خلد کا نمونہ پیش کرتے ہیں وہاں بہت سے

Marfat.com

بزرگان نے آکر سکونت رکھی ہوئی ہے اور اللہ تعالٰی کی طاعت اور بندگی میں عمر گزار
رہے ہیں وہاں ایک خوبصورت اور صاحب دل عورت ہے جو عشق حقیقی میں اتنی غالب
تھی کہ جو ذکر کرتا اسے شوق غالب آتا یہ دعا گو بھی سنکر اسکے دیکھنے کا طالب ہوا
اُس نے دل کی روشنی سے معلوم کر کے نعرہ مارا کہ اے نبی صلعم کے بیٹے خوش آمدید
مرحبا یہاں ایک بیکار عورت واقعہ زدہ ہے دیکھو کیسی ماتم زدہ ہوں اور یہ بیت کہا
ہے میں کیا کروں اور اس کے لئے کیا حیلہ کروں میں اس کے عشق میں مبتلا ہوں اور
وہ کسی اور کے عشق میں مبتلا ہے میں اس کے آگے بیٹھ گیا کچھ دیر بعد اُس نے
یہ آیت پڑھی اپنے وجود کو محفوظ رکھ اور اپنے خداوند کو دن اور رات میں یاد کرتا
رہ اور غفلت کرنا باطل ہے اس آیت کے پڑھنے کے بعد اس کے مُنہ کا رنگ اسقدر
تبدیل ہوا کہ جیسے شراب پیئے ہو اور آہ کرتے ہوئے ٹھنڈی سانس لی اسکی آنکھوں
سے آنسو بہنے لگے اور کہنے لگی اے سید بہت بڑا کام درپیش ہے درگاہ ایزدی میں
متوجہ ہوں کوئی سامان و تدبیر کرنا چاہیئے کیونکہ یہ کام آسان نہیں ہے اس کے
لئے جان دے دیں یا اسکی طلب میں اپنی منزل کو پہنچیں پھر یہ غزل پڑھنا شروع کی
تیرا وجود پرانی کمبی ہے اندازہ سے چل تا کہ شاہ حقیقت تجھے نیا لباس دے ۔ اے
جوان بخت کہ تو دونوں جہان کی شاہی کا متمنی ہے نصیحت قبول کر اور بزرگوں سے
نصیحت سن تیرے سینہ کا کھیت عمل کا تخم اور آنکھوں کے پانی سے کھیتی کر تا کہ فصل

Marfat.com

کاٹتے وقت پشیمان نہ ہو۔ تو وہ صفائی کا سمندر ہے کہ صفا میرے دل میں ہے اس لئے عشق کا گہرا پنے میں ڈھونڈ۔ دیگر نہروں میں مت جا۔ تیرے منہ کا سورج کا عکس اپنے دل کے شیشہ میں دیکھ تاکہ تیری ہستی کو ایک ہی جلوہ نہ جلادے اگر تو اپنی تردامنی سے ناامید ہے تو اپنے ہی دامن کے باطن میں ہاتھ مارنا امید نہ ہو دیدار کی شدملا اگر وصال ہے تو سب عشاق کی صحبت کو گرد سمجھ لو ہمیں یقین ہوگیا کہ یہ عورت مردان خدا کے درجہ کو پہنچی ہوئی ہے اس خانقاہ میں چالیس پچاس صوفی اسکی خدمت میں حاضر رہتے جو شب بیداری کرتے اور صبح کا وقت ہوتا نیا وضو کرکے تہجد پڑھتے اور حلقہ بنا کر ذکر جلی کرتے آگ کو پسند کرتے اور کبھی کبھی وہ عورت آکر طلب حقانی کیلئے انہیں خبردار کرتی اور غفلت سے آگاہ کرتی ہیں نے دیکھا کہ اسکی کلام پُرتاثیر ہے اور جس سے کلام کرتی اور سخن کرتی اسے شیروشکر دکھائی دیتی اور وہ صوفی اس سے باتیں سُن کر جذبہ اور تازگی میں آتے میں چند روز انکی صحبت میں رہا۔ ایکدن اُس بزرگوار عورت نے کہا کہ اے سید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد، باطنی دولت کا آپکا حصہ شیخ شہاب الدین طاب شراہ کے حوالے ہوا ہے اور حکم ہوا ہے کہ جہاں کہیں سید جلال الدین بخاری کا ملے اسے ڈھونڈ کر یہ حصہ اسکو دیں۔ اسکے کہنے کیمطابق ہم امیدوار ہوتے پھر انہوں سے کہاکہ جو کچھ نصیب ہے تجھے ملیگا ورنہ وہ ظلم کو پہنچے گا انکے بعض سخن بہت مؤثر

Marfat.com

تھے میں اس صحبت میں خوش بیٹھا تھا کہ اسی گفتگو کے دوران شور و غل ہوا کہ حضرت
شیخ شہاب الدین طاب ثراہ اس شہر میں تشریف لائے ہیں اور اپنے آدمیوں کو
میری جستجو میں بھیجا ہے کہ میں جہاں ہوں انہیں اطلاع دیں وہ گماشتے آئے اور
مجھے یہاں دیکھکر انہیں اطلاع دی کہ فلاں عورت کی خانقاہ میں ہوں ساعت نہ
گزری کہ حضرت مولوی وہاں تشریف فرما ہوتے اور یہ بیت پڑھاتے ناواقف
ہوتے ہو۔تے میں نے تمہارا سودا قبول کیا اب تمہیں دیکھ کر فارغ ہوا ہوں اور
ملاقات کے بعد فرمایا کہ اے ولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے مجھے درگاہِ رسالت
میں شرمندہ کیا۔ اسی لئے تمہارے پیچھے دوڑا اور یہ بیت پڑھا کہ تو درماندگی
میں ہر ایک کا کارساز ہے چونکہ تو کارساز ہے اور بیچارہ ساز ہے پھر بیٹھ کر وعظ
فرمانے لگے میرے دل میں چند شبہات جو دُور ہوتے پھر آپ نے پانی منگوا کر پیا
اور باقی مجھے دیا جسے پی کر اتنا ذوق حاصل ہوا کہ جتنی مشکلات تھیں دُور ہوئیں
اور وہ عورت جسکا نام تاج خاتون تھا نے پرتکلف دی کہ کئی قسم کے کھانے اور
چاولوں کو کئی قسم کے رنگ دیئے اور بہت جلد آپکے حضور پیش کئے کہ آپ
عبرت میں آئے اور طعام سے فارغ ہو کر اپنی مصری دستار میرے حوالے کی
اور مبارکباد دی اس دوران حضرت شیخ اور اس عورت سے خوب صحبت ہوئی
اور عجیب و غریب نکات پیدا ہوتے بعض مبتدیوں کو اس سے کچھ حاصل نہ ہوا

Marfat.com

اور بعض بزرگوں کو اتنا حظ اور فرحت حاصل ہوئی کہ ہزار چلہ کاٹنے سے حاصل نہ ہوتی اور معلوم
ہوا کہ حضرت خواجہ خضر علیہ السلام بھی اس جلسہ میں موجود تھے حضرت شیخ و تاج بی بی اور مجھے انکی
موجودگی معلوم ہوئی حضرت خواجہ نے حضرت شیخ کو فرمایا کہ تمہارے لئے حکم ہوا ہے کہ وہاں جا
کر سکونت کریں اور یہ پیغام دیکر جماعت سے غائب ہوتے اور کسی کو پتہ نہ چلا کہ کون آیا
اور کون گیا حضرت مولوی نے جمعہ کے دن منبر پر وعظ فرمایا جس میں دانشمند، علامہ اور
بادشاہ اس مسجد میں حاضر تھے اور شہر شیراز کا بادشاہ بھی عالم و عادل تھا شیخ کا وعظ سُن
کر ساری جماعت روتی رہی اور رونے سے کوئی ایک آدمی بھی خالی نہ رہا آپ کے کلمات
پُر تاثیر تھے اور وعظ سے فارغ ہوکر حضرت مولوی، بادشاہ اور چند اور عاقل خلوت
کرنے لگے اور حضرت مولوی سے التماس کی کہ ہمیں اپنا مُرید بنالیں اور ذکر کی تلقین
کریں یہ دعاگو بھی اس مجلس میں حاضر تھا اور دیکھا کہ چند علامہ نے اس مجلس میں اپنے
مرشد کی اجازت سے اتنی حضوری حاصل کی کہ سراسر خود تلقین بن گئے اور اس فقیر سے
جو نکات عروج حاصل کرنے میں حائل تھے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سب دُور
ہوئے اور مجھے معلوم ہوا کہ تجلی ذاتی میرے دل میں روشن ہوتی اور دوئی دور ہوئی اور
جو حق تھا وہ نفی واثبات سے مسلم ہوتے اور اسی استغراق میں طاعت حق اور بندگی
کا حکم ہوا اور حکم شریعت کیمطابق دیا گیا کہ شریعت کے خلاف ذرہ بھر نہ ہو اور حضرت مُلّا
نظامی نے فرمایا ہے ۔ جب دریا شیر کیطرح چل رہا ہو تو نوح علیہ السلام کو بھی

Marfat.com

میں طوفان کے درمیان تیمم فرض ہوتا ہے دو دن بعد بروز سوموار حضرت مولوی شیخ
شہاب الدین بخارا کیطرف تیار ہوئے تو مجھے فرمایا کہ رجب کا چاند دیکھکر تم بھی بخارا آجانا
شیخ کے چلے جانیکے بعد شاہ شیراز اور دانشمندوں کیساتھ خوب صحبت ہوتی میں نے دیکھا کہ
بادشاہ بھی عالم وعادل تھا اور اسی وجہ سے مرید بھی تھا اور تلقین پر کاربند بھی،
اور اسی کے متعلق پیغمبر علیہ السلام کا فرمان ہے کہ اولیاء کیلئے سکون حرام ہے اور یہ
بھی فرمایا ہے کہ بوڑھے ہو کر بھی سیکھتے رہو اور یہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کے اس فرمان کے تحت ہے کہ یا الٰہی میرا علم زیادہ کر۔ مدت مذکور گزرنے پر میں بخارا
کیطرف روانہ ہوا اور چند یوم بعد حضرت مولوی کے حضور پہنچ گیا انکی زیارت کرنے
سے اتنا شوق ہوا کہ شمار میں نہیں آسکتا اور فرمایا کہ اے سید ولد النبی صلی اللہ علیہ
وسلم مجھے اللہ تبارک تعالیٰ نے اسی لئے پیدا فرمایا کہ تمہاری امانت پہنچاؤں اور تمہارا
پیر حضرت شیخ رکن الدین ابوالفتح قطب العالم فیض اللہ چشتی نبیرۂ مخدوم غوث
العالم شیخ بہاؤالدین قریشی اسدی قدس سرہٗ العزیز ہیں اور تمہاری کلاہ بھی انہی
کے پاس ہے پیر ارادتی اور ترتیبی تو بہت ہیں لیکن پیر مرشد ایک ہوتا ہے کہ اللہ
عزوجل تک پہنچاتا ہے اور آشنائی دلاتا ہے۔ آشنائی کا رتبہ بلند قدر رکھتا ہے
اور بہت دور دراز ہے اور عارف باللہ کے سوا کوئی شخص نہیں جانتا اور مبتدی
لوگ تو سمجھتے ہیں کہ آشنائی کا مرتبہ سہل ہے اور وہ آشنائی کی قدر وقیمت نہیں

Marfat.com

جانتے اور آشنائی کی حقیقت کو پہنچتے کہ جاہل ہیں اور مرتبہ آشنائی کمال بلند ہے شکم پرور
اس بات کو کیا جانیں بسوائے انکے جو جان وتن کی بازی لگادیں چند دن حضرت مولوی کی
خدمت میں گزارے اور دعا سے نوازتے رہے جب چودہ رمضان المبارک جمعہ کی رات
آئی تو مجھے طلب فرماکر بغل میں لیا اور فرمایا۔ اے خدا اس سید کو علم دین عطا فرما اس
سردار جوان کو جو نائب ہے تھوڑی دیر بعد دیکھا تو خدا کو پیارے ہو چکے تھے میں اسی
وقت تجہیز و تکفین میں لگ گیا تو دیکھا کہ آپکے جنازہ میں اتنے فرشتے شامل ہوتے کہ
ان گنت تھے اور حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم بمعہ جملہ صحابہ کرام کے شامل
ہوتے اور غیب سے بارش بھی ہونے لگی جس سے آپکی قبر بنانے میں سہولت ہوئی اس
کے بعد کچھ عرصہ انکی مجاوری کرتا رہا اور دیکھا کہ ہر رات چار شمعیں روشن ہوتیں
چنانچہ ایک سر کیطرف اور ایک دائیں اور ایک بائیں طرف اور ایک پائنتی کیطرف روشن
ہوتی اور ہر رات فرشتے آسمان سے اُترکر ذکر جلی میں مشغول رہتے اور مردان خدا غیب
سے آکر کلام اللہ کی تفسیر بیان کرتے جس سے بہت سے لوگ مستفید ہوتے اور بعض
مسافر فقراء و شکم پرور آتے تو انکو کوئی خبر نہ ہوتی کہ کون آرہا ہے اور کون جارہا ہے
اور غیب سے فتوحات حاصل ہوتے جس سے لنگر چلایا جاتا اور بہت فقراء و مسافر طعام
کھاتے حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے شاہ بخارا کو اشارہ ہوا کہ شیخ شہاب
الدین کی خانقاہ بہت وسیع اور فراخ تعمیر کراتے تو اُسنے تھوڑے ہی عرصے میں خانقاہ

Marfat.com

تعمیر کرادی یہ دعاگو کچھ عرصہ وہاں رہا اور لنگر کی خدمت کرتا رہا اور آستانہ کو سجایا اور بعض خادموں کو اس کام پر تعینات کیا اس دُعاگو نے اپنی عمر میں بہت سیر کی اللہ تعالیٰ کی قدرت اور ملک دیکھے لیکن ان تین شہروں جیسا کوئی شہر نہیں دیکھا ایک شہر بصرہ دوسرا شہر تبریز تیسرا شہر شیراز کیونکہ یہ تینوں خلد کا نمونہ ہیں اور شہر تبریز میں مسجد بنائی گئی ہے جسکی دہلیز میں کنورہ ٹکایا گیا ہے کہ جب نماز کا وقت ہوتا ہے تو پتھر کا پرندہ غلولہ منہ میں دبا کر اس کنورہ میں ڈالتا ہے جسکی آواز سارا شہر سنتا ہے اور جب تین دفعہ یہ غلولہ پڑتا ہے تو ہر شخص کو معلوم ہو جاتا ہے کہ نماز کا وقت ہو گیا ہے جسکے بعد سب لوگ مسجد میں جمع ہو جاتے ہیں اور اس طرح نماز کا وقت جتانے کیلئے پانچوں وقت اسی طرح غلولہ پڑتا رہتا ہے اور شہر بصرہ میں ایک منارہ بنایا گیا ہے جسپر چڑھ کر مؤذن اذان دیتا ہے تو تین کوس تک اذان کی آواز سنی جاتی ہے جسکے سنتے ہی لوگ مسجد میں جمع ہو جاتے ہیں اور شہر شیراز میں ایک چبوترہ بنایا گیا ہے جسپر ایک ڈھول رکھا ہوا ہے جسے بجانے سے غیب سے بارش ہونا شروع ہو جاتی ہے الغرض ان شہروں کیطرح کوئی دوسرا شہر نہیں۔

بعد ازاں بکرمان دومی مرتبہ حکم شدہ دیدیم کہ کرمان شہر لیست معظم سفصد منارہ دارد وحضرت شیخ شجاع کرمانی بادشاہ کرمان بودہ است و روضۂ او بلند و وسیع میباشد و بروز چہارشنبہ دروازہ آں روضہ را باز میکنند مردان و زنان آمدہ زیارت

Marfat.com

میکند اغنیا و فقرا، و مسافران و مقیم آمده از لنگر ایشان فراغ طعام میخورند. که پانزده هزار تنکه هر روز دران لنگر خرچ میشود و بیست قندیل و بیست شمع در روضه ایشان مے افروزند روزے خواجہ منعم بخار در روضہ آمده زیارت کرد و مبلغ پانزده هزار دینار سُرخ برابر موجود داشت بعد از فراغ زیارت آں مبلغ در روضہ ایشان فراموش نموده خواجہ منعم بمقام چہار ده کروه رفتند یادش آمد گفت یا حضرت شیخ شجاع کرمانی ایں امانت مانگاه دارند بعد ازاں ہر کہ بزیارت مے آمد او را اندرون پر دہشت و ہیبت میشد محض بشنیدن آواز ہیچ کس طاقت نمے ماندے کہ اندروں آید از ترس آواز پر دہشت ایشان دروازۂ روضہ بہ بستند ہر کدام بر دروازہ آمده فاتحہ خواند و مدتے آخر الامر پنجمی سال خواجہ منعم بخار مذکوره باز آمده دید کہ دروازه روضہ محکم بستہ اند پرسید کہ ایں دروازه را چرا بستہ اند خادماں جواب دادند پنجمی سال است کہ ہر کہ بزیارت می آمد اندروں روضہ آوازے ہیبت ناک گشتے کس نتوانست کہ اندر آید۔ ازآں نگاه دروازه بستہ ایم خواجہ گفت اکنوں دروازه باز کنید کہ ل ایں بنده فراموش شده بود چوں دور رفتیم بر سر چہار ده کروه آں مبلغ مرا یاد آمد بعد ازاں ایں امانت بایشان سپردیم در را باز کرده دیدند کہ مال آنجا نہاده است خواجہ مال را برداشت در قبضۂ خود آورد شبے حضرت شیخ شجاع کرمانی خواجہ منعم را در خواب دید گفت اے خواجہ مال شما بشما سلامت رسید ما یہ پنجم سال کہ نگہبانی مال تو کردیم ایچنیں بزرگی میبود

Marfat.com

مرشیخ شجاع و دراں شہر یکہزار دانشمنداں علامہ مے بودند و ہفت صد حافظ کلام ربانی بودند و شہرے متبرک است ایں دعاگو دہ چلہ دراں آستانہ متبرکہ منورہ کشیدہ و ذوق یافتہ۔

یعنی پھر دوسری مرتبہ کرمان جانیکا حکم ہوا دیکھا کہ کرمان ایک بڑا شہر ہے جسکے سات سو منارے ہیں حضرت شیخ شجاع کرمانی کرمان کا بادشاہ گزرا ہے جسکا روضہ بلند اور وسیع بنایا ہوا ہے اور بدھ کیدن اس کا دروازہ کھولا جاتا ہے اور مرد اور عورتیں آکر زیارت کرتے ہیں امیر و فقیر مسافر اور مقیم اس کے لنگر سے کھانا کھاتے ہیں کہ روزانہ پانسو تنکہ خرچ ہوتا ہے اسکے روضہ میں بیس قندیلیں اور بیس شمعیں روشن کیجاتی ہیں ایکدن خواجہ منعم تجار روضہ میں آیا اور زیارت کی اور مبلغ پندرہ ہزار دینار سرخ کی تھیلی اپنے سامنے رکھکر مصروف فاتحہ ہوئے۔ فارغ ہوکر رقم بھول کر چلے گئے چودہ کوس دور جاکر یاد آئے تو کہا یا حضرت شیخ شجاع کرمانی میری امانت پر نگاہ رکھنا اسکے بعد جو زیارت کرنے کیلئے آتا اندر سے پر ہیبت اور مہیب آواز آتی کہ کسی کو اندر جانیکی ہمت نہ پڑتی اس آواز کی دہشت سے انہوں نے دروازہ بند کردیا ہر شخص دروازہ پر آکر فاتحہ پڑھکر چلا جاتا آخرکار پانچ سال کے بعد خواجہ منعم مذکور پھر آیا اور دیکھا کہ دروازہ بند کیا ہوا ہے۔ پوچھا تو خدام نے بتایا کہ پانچ سال ہوئے جو شخص زیارت کیلئے آتا تو اندر سے مہیب آواز سنکر

Marfat.com

اندر جانیکی جرأت نہ کرتا اسی وقت سے دروازہ بند کیا ہوا ہے خواجہ نے کہا کہ اب دروازہ کھولیں کیونکہ میرا مال اندر بھول گیا تھا جب چودہ کوس دُور چلے گئے وہ مال مجھے یاد آیا تو مال انکی امانت میں دے دیا دروازہ کو کھول کر دیکھا گیا تو مال اسی جگہ رکھا ہوا تھا خواجہ نے مال اٹھا کر اپنے قبضہ میں کیا ایک رات حضرت شیخ شجاع کرمانی نے خواجہ کو خواب میں فرمایا کہ خواجہ تمہارا مال تمہیں سلامت مل گیا ہم پانچ سال تک تمہارے مال کی نگرانی کرتے رہے حضرت شیخ شجاع اس پایہ کے بزرگ تھے اس شہر میں ایک ہزار دانا علامہ تھے اور سات سو حافظ کلام اللہ کے تھے یہ ایک متبرک شہر ہے یہ دعا گو اس متبرک مقام پر دو چلے رہا اور ذوق حاصل کیا۔

بعد ازاں بجانب شہر مقطع سکندریہ حکم شدہ وبہمراہ جماعت فقرار درجہاز سوار شدیم وبارادت الٰہی باد مخالف افتادہ جہاز را بطرف دیگر آوردہ کہ دراں طرف گاہے ہیچ جہاز نرفتہ است وجہاز در دریائے عمیق افتاد کہ از کنارہ دریا ہیچ چیز در نظر نمے آمد وصاحب جہاز گفت کہ دریں طرف دریا کسے نرفتہ است نمے دانم کجا خواہد رفت بعد از چند روز دیدیم کہ کوہست بلند وسیاہ وبراں کوہ درخت ہائے کلاں در نظر آمدند وچوں نزدیک رفتیم دیدیم کہ شہر لیست معظم ومعمورہ و آبادان بارادت وخواست الٰہی جہاز آمدہ در بندر آں شہر استادہ ماند وخلائق آنجا کہ گاہے جہاز ندیدہ بودند آمدہ صلوات بر مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم بگفتند

Marfat.com

و در تعجب ماندند کہ ایں چہ چیز است و در چہ کار مے آید گفتم سبحان اللہ ایں مخلوقات
خدائے عزوجل اندکہ، ہیچ خبر از عالم آخر پدگار ندارند و نمے دانند کہ دیگر ہم کسے
در عالم ہست یا سیت و آں قوم یونانی اند انجیل میخوانند و بزبان یونانی کلام میکنند
و بعضے عرب خواں ہم ہستند و مایاں ہرکدامی از جہاز فرود آمدہ در شہر در آمدیم
بخاراں و سوداگراں مشغول گشتند و جماعہ فقرا نام ایں شہراز مردم آں شہر پرسیدیم
کہ چیست نام ایں شہر؟ گفتند کہ اسم رومیہ است و ایں شہر خاصۂ ازاں محمد رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم است، ہیچ لشکرگاہے بریں شہر نیامدہ است و نہ کس
فتح کردہ است مگر حضرت امام مہدی موعود آخرالزماں کہ بامر خدائے عزوجل آمدہ
فتح خواہد کرد و ہم دو شہر دیگر اند کہ ازیں شہر رومیہ بزرگتر اند امام مہدی موعود ایں
شہراں را خواہد گرفت و از ہمہ آفات و بلیات نگاہ داشتہ شدہ اند بعد از پرسیدن
خبر شہر رومیہ مایاں تمامی جماعت فقراء در خاطر داشتیم کہ آیا ہم جنس و ہم دین یافتہ
شود چوں اندر دروازۂ شہر در آمدیم چہ بینم کہ مردے صوفی وار مسبح بریش شرعی بالائے
بلندی نشستہ است چوں ایں جماعت را دید استادہ شد و سلام کرد و گفت کہ ازیں
راہ شدہ بالا بیائید مرحبا مرحبا بگفت و ہر کسے را در بغل کردہ نشست و اخبارہائے
ملک شیراز و ملک خراسان و عرب پرسیدہ دم سرد کشید و دیدیم کہ عربی خواں است
خوش شدیم گفتیم بارے ہمجنس پیدا شد و چشم او گریاں ہر بار آہ میکشید گفتم احوال خود

Marfat.com

رابگو چند مدت است کہ ایں خرقہ پوشیدہ و مولد شما کجا است گفت مولد ما شیراز
است واقعہ صعب بریں افتادہ کہ تعلق بحکایت دارد گفتم چگونہ است واقعہ خود را
بیان کن گفت بادشاہ شیراز سلطان سنجر نام پدر من است۔ دو برادر بودیم کہ در سن
صغیر علومہا تحصیل میکردیم روزے پدر من جانب ولایت گازرون انتقال کردہ معلومش
شدہ کہ دریںجا مردے بزرگ سلطان ابو اسحاق نام گازرونی خفتہ است و در خانقاہ
او تعداد یکصد و چہل سال گذشتہ اند چراغے کہ بحال زندگانی خود افروختہ تا الی الیوم
ہماں روغن و ہماں پلیتہ گاہے گشتہ نشدہ است و چوں از انجا رفتہ زیارت آں
بزرگوار کرد از سر غیرت و امتحاں آں چراغ را بکشت و تاریک ساخت از خانقاہ
او رواں شدہ ہنوز یک تیر پرتاب نرفتہ کہ آں چراغ را باز بیفروختند گویا کہ کشتہ
ہم بنود و شعاع و روشنائی چراغ ظاہر گشتہ و بادشاہ ہیچ معذرت و عذر خواہی
نکردہ یک ہفتہ گذشتہ کہ عالم جنیاں آمدند کہ مرید و معتقد سلطان ابو اسحاق بودند
دو پسر آں سلطان سنجر بادشاہ خطہ شیراز کہ مایاں دو برادریم گرفتہ غائب شدند برادر
بزرگ را ہر دو چشم نابینا کردہ ما را چشم بستہ دراں لحظہ دریں شہر آوردند فاما ہیچ
نقصان نرسانیدند بلکہ یک زنبیل پیش ما گذاشتند دیدیم کہ گاہے ایں زنبیل خالی
نشدہ است و چوں دریںجا آمدیم ہیچکس آشنا و قرابتے ندیدیم بلکہ مرد بزرگوار
است کہ در علومہا متعلم و متبحر بودہ است و از بزرگی خویش بحال من خبردار شدہ

Marfat.com

و مارا بنظر فرزندی منظور کردہ ایشاں بغیراست دل خود دانستہ کہ علم عربی خوانست
و مارا تحصیل علم توراۃ و زبور و انجیل رغبت کردند و حکم فرمودند کہ ہر سہ علم بخوم اند تمام
تحصیل داریم گفتیم ایں بزرگوار چہ نام دارد گفت سید علی نام دارد گفتم بنوعی بوی مشرف
شویم گفت باشید کہ اوّل خبر شما برسانم شاید کہ بطلبد و آنم آں بادشاہ زادہ شیراز خواجہ
خضر است و آں شہزادہ ایں فقیراں را علوفہ خوراک مقرر کردہ و در آستانہ خود نشاندہ
چیزے از ماحضرے طعام پیش فقیر آوردہ خود بجانب آں بزرگ میاں سید علی متوجہ
شدہ و آں شب در آنجا ماندہ مایاں ایں جماعت فقرا خوش گزرانیدم محمد مر خدائیرا گفتیم
و شکر بجا آوردیم گویا در خانۂ خود شب گذرانیدیم و بوقت صبح علی الصباح آں سید علی بمریدان
و معتقدان خویش دریں آستانۂ خواجہ خضر تشریف فرمودند برخاستیم و دیدیم کہ تحقیق ایں
مرد سید است یا دشریف شدیم و ملاقات کردیم حضرت سید علی پرسید کہ اے سید دریں جا
ہیچکس نیامدہ است تقریب آمدن خود را بگو کہ چگونہ میسر شدہ۔ گفتیم ارادت او غالب
است کسے مجال ندارد کہ چوں و چرا بگوید باز پرسید کہ اسم مبارک چیست گفتم جلال گفت
نہ اسم شما جلال الدین جہانیاں جہانگیر است۔ گفتم از کجا میدانی گفت جد شما محمدؐ رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بر سر ایں فقیر التفات بسیار میدارند و معطل از آمدن پیش شما
ازیں جہت ماندہ کہ تمام شب در خدمت ایشاں گزرانیدیم ہم مناقب شما و مناقب
آبا و اجداد شما و نام فرمودند و روشن باد کہ ایں فقیر ہم یکے از اولاد شما است و میخواہی کہ

Marfat.com

حضرت بادشاہ را خبر شما برسانم شاید کہ آمدہ پائے بوسی کند گفتم ہر چہ کہ مناسب آید مکرر
فرمود کہ آمدن تو دریںجا چہ تقریب دارد گفتیم حق تعالیٰ واقف حال است کہ ما یانرا ہیچ
خبر نبودہ است و نہ نام ایں شہر شنیدہ بودیم نہ نشان ایں شہر کہ کجاست و در جہاز سوار شدہ
بودیم بارادت الٰہی باد مخالف افتادہ جہاز را از طرف روی گردانیدہ بایں جانب انداخت
تمامی عالم در آہ و نالہ در آمدند بہ برکت انفاس شریفہ ایں فقیران از شکستن و غرق
شدن جہاز نجات یافتہ و بعد از چند روز دریں شہر رسیدیم سعادت ما بود کہ بشما مشرف
شدیم بعد ازاں بسید علی پرسیدیم کہ حقیقت ایں شہر بگو و روشن باد کہ جائے حکایت
ایں شہر گفتہ آید سید علی ہمیں تقریر کرد کہ دریں کوہ و دریں دریا سہ شہر معظم اند کہ از
نظر حاسداں و منافقاں و کافراں مستور داشتہ شدہ اند و کسے نمیداند کہ کجا اند و دریں
شہرہا چہ کسان میمانند و خاصہ خراج ایں ہر سہ شہران در مکہ مبارک روضہ رسول خدا
محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم میرسانند کہ خاصہ ایں ہر سہ شہر ازاں محمد صلی اللہ علیہ
وسلم اند و ہیچکس فتح نکردہ است ایں شہر ہا را و نخواہد کرد مگر حضرت امام مہدی
موعود فتح خواہد کرد و جائے سکونت او دریں ہر سہ شہر ہا میباشند و خواہد شد گفتیم
طول و عرض ایں شہر ہا گفت طول ایں شہر رومنیہ ہزار میل است و عرض ہفصد میل
است و حصار وی سی صد و شصت دروازہ ہا دارد و گنجائش ایں شہر چنانست کہ پانصد
بازار ہا دارد و در ہر بازار صد ہزار دکان است و درمیان ایں دریا دو شہر دیگر اند یکے

Marfat.com

قسطنطنیہ دوم قاطع کہ ہر دو شہرہا ازیں شہر رومیہ بزرگ تراند وفقیر را دریں شہر آوردہ
اند ہم از برائے تحصیل علوم ایں بادشاہ بحکمت وقدرت خویش بعد از میاں سید علی ایں فقیر را
ہمراہ خواجہ خضر گذاشتہ پیش بادشاہ رفتہ وخدمت ایں دعاگویاں کردہ ومناقب فقیراں گفتہ
بادشاہ راہم اینقدر قرب میبود کہ گاہ گاہے بحضور حضرت رسالت پناہ میشدے وگفت
کہ اے سید علی باش تا ماہم بحضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مشرف شدہ رخصت
بگیریم۔ آخرالامر برفت وبحضور مشرف شدہ ومناقب ہائے ایں فقیراں از حضرت
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شنیدہ علے الصباح فی الفور بادشاہ بجرد دار در آستانہ
ایں خواجہ خضر تشریف آوردہ از چہ چیز واز کدام زبان وصف او بیان کردہ آید۔ بعد
ازاں بادشاہ تمام سورۃ والنجم را بیان فرمودند وخوردنی طعامہائے گوناگوں کشیدہ
وبعدہٗ از خوردنی طعامہائے ہمچو التماس آوردہ کہ اے سید باید کہ بریں مرکب ترکی سوار
شدہ ایں شہر را منظور کردہ بنید کہ شما بسیار عالم خدا را سیر وطیر کردہ ودیدہ۔ بارے ایں دِہ
کہ بنید کہ جائے حکایت کردہ آید وبعد از چند مدت آں تجاراں کہ صاحب جہاز میبودند
آمدہ عرض نمودند وپائے بگرفتند کہ از برائے خدا اے فرزند رسول خدائے عزوجل ما را ازیں
دریائے قلزم بیروں کشیدہ واز برکت انفاس شریفۂ شما از یک درم ہزار درم حاصل کردہ
شدہ است اکنوں دریں حیرت افتادیم کہ آیا چگونہ ازیں دریائے بے پایاں بیروں آئیم
چونکہ ہیچ را نمے بنیم کہ از کجا آمدیم وکجا میرویم از برائے عنداللہ ودستی جدخود

Marfat.com

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مارا ازیں دشواری خلاص سازند۔ گفتیم ایشانرا باشید
تا ازیں بزرگوار بخشنودی ایشاں رخصت بگیریم چند روز ماندیم بایشاں صحبت خوب افتادہ
وازمیاں سید علیؒ خیلے فتوح باطنی حاصل شدہ و دیدیم کہ ایں بادشاہ صاحب قدرت و بزرگ
است یا و نیز خوب موافقت افتادہ۔ روزے علے الصباح ما و ایں بادشاہ سوار شدہ
تمامی ایں شہر را بچہار روز دیدیم و ہزار بازار و اشیار و اسباب دیگر نوع دیدہ
و پنجمی روز گردیدہ باز در آستانہ خواجہ خضر علیہ الرحمۃ والغفران آمدیم و بادشاہ
ملک ہم ایما معلوم کردہ کہ درخانۂ ایں غریب عجوزہ بالغ است و میوہ دار درخت شدہ اگر
قبول آید پیشکش داریم ایں دعا گو از روئے سرشاری گفتہ کہ مارا مہمانی صعب پیش آمدہ
است کہ ازاں کار منتہی نشدہ ایم پس ازیں گفتار رخصت طلبیدیم و نیز راہنمایاں
دریا بے نہایت از بادشاہ جستیم کہ مایاں را ازیں جہاں منت دار خواہند ساخت بعد
ازاں بادشاہ ملاحانرا کہ واقف دریا بودند آن ملاح ہمراہ دادہ و حکم کردہ کہ تا بفلاں
جزیرہ برسانید و در آنجا ملاحاں آں جزیرہ را بگویند کہ ایں بزرگواراں را تا بفلاں شہر
رسانند بعدہٗ از بادشاہ رخصت گرفتہ رواں شدیم و در جہاز در آمدیم و آں رہنمایاں
را ہمراہ گرفتیم و آں خواجہ خضرؑ آرزوئے آمدن خود ہم معلوم کردہ از سید علےؒ رخصت او
نیز گرفتیم او را ہمراہ کردہ در جہاز سوار شدیم الغرض جہاز را باد موافق پیش آمدہ
چناں تیز رواں گشتہ کہ از پریدن مرغاں ہم زیارت رواں گشتہ واللہ اعلم بالصواب

Marfat.com

شاید کہ مسافت پانزدہ روز بیک روز کشیدہ باشد و لبعد از ہفتم روز دراں جزیرہ رسیدیم
کہ بادشاہ حکم فرمودہ بود۔ ہمیں رہنمایاں را رخصت کردیم و ملاحان آں جزیرہ را تا بآں
شہر رویم کہ نیز بادشاہ حکم فرمودہ و از آنجا ملاحان جزیرہ را رخصت دادیم و دیدیم کہ
شہر لیست معظم و دراں شہر بزرگوارے است شیخ ابواحمد نام و در خانقاہ او لنگر میکشند
کہ ہفصد کس روز ازاں لنگر طعام میخورند وچوں روز عیدے آید دویست و پنجاہ
گوسفند و شصت مادہ گاؤ و پانصد من برنج و یکصد من روغن ازاں مطبخ خرچ میشود
ویکصد و بیست سبوئے شربت راست میکنند و ہر جنسے شربتے مے پزند و آں بزرگوار
شیخ ابواحمد بسیار صاحب ذوق بودہ است و صاحب عشق و عارف باللہ بودہ است و
در علم تفسیر و حدیث یگانہ بودہ است یکصد و سی مرد بہ تربیت ایشاں مرتبہ جلال
حال را رسیدہ اند و شیخ زین الدین مجتہد ہم در آنجا ساکن میبود و چہل سال در غار
معتکف میبود و نہ طعام و نہ آب خوردہ مگر بیک خرما روزہ افطار میکردے وچوں
بامر خداوند خویش ازاں غار بیروں آمدے تذکیر میگفتے و درس میفرمودے
ولبعد از دو سال در صومعہ خواب میکردے۔ دو می یا سیومی روز دم میکشیدہ و اکثر
مردماں مے پنداشتند کہ مردہ است چونکہ چشم کشادہ و باز میبود و ہرگز پلک
نے زد و تا غایت روز دوازدہ ہزار تنکہ نقد در مطبخ او خرچ میشود و از و طعام
ہائے گوناگوں و الوانہا نعمت خاص و عام رامیخورانند و حضرت شیخ زین الدین از انگاہ

Marfat.com

کہ آتش برائے مطبخ خود افروختہ اند ہیچ گاہے کشتہ نشدہ است وہر کرا برائے او بر سجادہ نشاندہ اند ہرگز پیش امراؤ اغنیا نرفتہ است حق تعالیٰ او را رزق وسیع میرساند وفتوح ما ہر روز پیدا میشوند و در پائیگاہ او یکصد و دوازدہ اسپ نزد مادہ در پائے بستہ ایستادہ اندو ایں فقیر چند روز خدمت شیخ کردہ ہمیں کہ مگس رانی میکردیم و بہ عنایت الہٰی بعد از چند روز خبر دار شد از مسکر استغراق بہ ہوش در آمدہ چشم خود باز کردہ ایں فقیر را دید و پرسید کہ چہ کسے گفتم بندۂ خدا ایم گفت اے سید مولد شما او چ است بچہ نوع اینجا رسیدی کہ آمدن شما اینجا محال است گفتم وَمَا مِن دَابَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ بنا صیتہا حق تعالیٰ بقدرت خویش بملازمت تو رسانیدہ امید واریم از رحمت وشکر ہزار در ہزار بجا می آریم کہ بدیدار آنحضرت مشرف شدہ ایم گفت اے سید آمدن تو اینجا بجز مقصد نباشد مدتے شدہ کہ سخن شما در معرکہ حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم واقع شدہ بود کہ سید جلال الدین جہانیاں جہانگیر در پئے مقصود مسافر شدہ است وحضرت رسالت پناہ فرمود کہ اے مایاں و محبان و معتقدان از جہت گدائی بیروں آمدہ است ہر کسے از استطاعت خویش اعانت ایشاں بکند کہ مستحق است حضرت شیخ زین الدین ایں تقریر فرمودہ یکدانہ انار از دہان خود کشیدہ در دہن ما انداختہ دیدیم کہ دیگچۂ شکم ما ہمچو پر شدہ کہ از ہر چیزے خود را سیر میدیدیم و بارادہ الہٰی آں مولوی باز در دریائے توحید مستغرق شدہ ندانم کے باز آید چرا کہ قبل ازیں ہم دو سال کامل در استغراق میبود

Marfat.com

وباز دہی سال در ہوشیاری آمدہ و باز دراں دریا رسید این زین الدین از روحانیت حضرت خواجہ اویس قرنی تربیت یافتہ بودہ وسجادۂ او شیخ ابوالوفا نام در شت بسیار علومہا تحصیل کردہ بود دوصد کس از درس او سبق میخواندند عارف ربانی بود بمرتبہ کمال رسیدہ بود بایں فقیر در موافقت بسیار درآمدہ وحظی ازاں حاصل شدہ و عالم مخلوقات آنجا بروئے مسخر میبودند و در خانقاہ ایشاں طالب حق از ولایت دور مے آمدند ہریکے بقدرے فیض میگرفتند و میاں رضی الدین نام مصاحب ایں فقیر بودہ یازدہ سال ہمراہی میداشت وعلومہا بسیار تحصیل کردہ وکسب نمودہ بود و در راہ فقر طبع بسیار نیرک داشتہ او ہم بسلسلہ اویسیہ مے بود روزے از شیخ ابوالوفا چیزے پرسید شیخ باآرزو خوشحالی میاں رضی الدین را در کنار گرفت وگفت رحمت باد بر تو رخصت دادیم ترا ہرچہ در خاطر آید بگوئید ایشاں اول ہمیں سوال پرسیدہ کہ از انعام خداوند چہ چیز است فی البدیہہ جواب فرمودند کہ یاد حق در وے بود باز پرسید کہ صوفی کیست فرمود کہ صوفی بمرقع وسجادہ صوفی نبود و برسوم و عادات صوفی نشود بلکہ صوفی آں بود کہ بود خیال نیست شدہ باشد کہ بہشتیش خاصت نبود باز پرسید کہ چگونہ معلوم شود کہ وے بیدار ست گفت چوں حق را یاد کند از سرتاپا خبر داشتہ باشد باز پرسید صدق چیست گفت آنست کہ دل سخن گوید باز پرسید اخلاص چیست گفت ہرچہ برائے حق کنی وآنچہ برائے حق نکنی ریا است باز

Marfat.com

پرسید صحبت با که باید کرد گفت با کسے نکنید که او گوید خدا و هم گوید چیزے دیگر بعده
شیخ ابوالوفی فرمود که اے نور دیدهٔ من اندو طلب کن تا آب چشمت بدیده آید که
حق سبحانهٗ و تعالیٰ گریندگان را دوست میدارد و فرمود که اے برادر اگر کسے سرود
گوید و بآں حق تعالیٰ را یاد کند ازیں بهتر این بود که قرآن بخواند و بعد ازاں نکات
دیگر ازاں بزرگ بسیار جاری میشد ند که طالبانرا ازاں حظے پیدا شد بعد ازاں فاتحه
خواندیم بجانب عرب رخصت فرمودند در جهازے سوار شدیم و فقراء دیگر همه فراق
گرفتند مگر خواجه خضر که پادشاهزاده شهر شیراز بود و دیگر همین میاں رکنی الدین
همراه بودند این هر سه فقیران بیک ورسیدیم که در آنجا ... شدند که ... 
معدن مس میبود از جهاز فرود آمدیم و در آنجا خلیفه حضرت شیخ منصور حلاج ...
است ازاں خلیفه حکایت شیخ میشنیدیم که گفته حضرت شیخ در حجره ... 
که درایں کسب کامل بود روزے عورتے از جهت ... 
منصور آمده بود و ازو باد ... شد خواجه شنیده ... شنیده کرد ... آں عورت
از روئے شرمندگی سرخود را نگوں داشته بنشست ناگاه شیخ ... 
پرسید او را جواب نداده۔

بعد ازاں آں شخص نعره بلند کرد خواجه گفت چه میگوئی ... 
نمیشنوم بارے دیگر بگو آں عورت خوشحال شده بگوشه رفته غسل بکرد دوگانه

Marfat.com

شکرانہ بگزارد وحق تعالے دوگانہ آں عورت قبول کردہ واز برکت ستر پوشی آں شیخ منصور بمرتبہ انا الحق رسیدہ ودر عالم وصال او را مشاہدہ گشتہ ودیگر خبر ہمدراں سیر معلوم شدہ کہ درا ثنائے راہ کوہیست بلند وشاخ کہ درآں کوہ غار لیست ودرافواہ مردماں چنانست کہ حضرت امام مہدی موعود دریں غار غائب است وبرسر آں غار قصرے عالی ساختہ ہر صبح وشام درآں مقام کوس میزنند وبوقت بامداد اسپ عراقی بازین مرصع بازر وجواہر مکلل ساختہ شدہ آوردہ شدہ برسرآں غار استادہ میکنند وہر ہمہ مردماں بانگ میزنند کہ یا حضرت امام مہدی موعود آخر الزماں بیروں آ۔ ایں عجوبہ راہم بچشم خویش معائنہ کردیم ودیگر عجائب ایں ہم دیدیم کہ در راہ یک وادی است کہ درآنجا خواجہ مرجان میماند وآنمرد شتربان است وسردار قوم است چناں ہمتے داشتہ کہ ہر سیاح ومسافرے کہ درآنجا میرسد آنرا طعام وآب فراخ میدہد ودر ہر سال پانصد وشصت شترلم در راہ خدائے تعالیٰ بحاجیان وماندگان رعایت وتوشہ خوردنی وآب نوشیدنی سوار ومرکب را دادہ تا کعبہ میرسانند وآں مقدار خرچ برآنہا ایثار میکنند کہ محتاج بر غیرے نشوند وچوں حاجیاں حج ادا کردہ برہنہ وگرسنہ باز میگردند بمقدار سی ہزار آدمی را خرچ وجامہ دادہ تا بشہر بغداد میرسانند وہر بزرگ زادہ ودرویش کہ درانمقام مے آید اورا بانواع مینوازد وہر کجا کہ میگوید بدانجا او را میرساند ایں چنیں خیرات

Marfat.com

واحسان ہیچکس بادشاہ واغنیا نکردہ است اینددعاگو تا آنجا بودہ ورفتہ زیارت
خانہ کعبہ کہ بیت اللہ است کردہ واین فقیر در روضۂ مطہرہ منورہ محمد رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم بریش خود جاروبے نمودہ باز درحرم مکہ آمدہ باعتکاف نشستیم
ودرحرم مکہ شریف حضرت شیخ عبد اللہ مطہری خلیفہ وامام میبود دراں ایام چلہ
ایں غریب روزی بنماز بامداد حاضر نشدہ ومقتدیان دعاگو را حکم امامت کردند
بعدازاں شیخ بوقت نماز ظہر درآمدہ ونماز گزاردہ واپس ازادائے نماز ظہر
بزرگان آنجا پرسیدند کہ یا شیخ بامداد کجا بودند شیخ صاحب فرمودند کہ در خطۂ ملتان
حضرت شیخ رکن الدین قطب العالم ابوالفتح نبیرۂ مخدوم شیخ بہاؤالدین غوث
العالم قدس سرہٗ العزیز ازیں جہاں رحلت نمودہ بر جنازۂ او حاضر شدہ بودم
وحضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم با جمیع اصحاب کرام تشریف فرمودہ
بودند ودرآنزماں ایں دعاگو در اعتکاف نشستہ بود اندر حجرہ ویکے از بزرگان
ہمچو پرسیدہ کہ مرتبۂ قطبی حضرت مخدوم شیخ رکن الدین حوالہ کہ کردند شیخ
عبد اللہ ہمچو میفرمودند کہ بایں جوان سید کہ معتکف دریں حجرہ است تحویل
نمودند پس ہر کہ ہمہ حاجیاں ومجاوراں وبزرگان آستانہ مکہ آمدند وبایں
دعاگو فاتحہ خواندند وشیخ عبد اللہ ہمچو فرمودہ کہ اے سید جلال الدین اُچی البتہ
در ملتان بودند کہ درآنجا شمارا طلب کردہ اند وبدانکہ مقدار یکصد وسی مردان کہ

Marfat.com

بحق پیوستہ اند و رحلت نمودہ اند و ہشتاد مرداں کہ زندہ اند کہ از ایشاں تبرک یافتہ شدہ است و ایں کلمات و سخناں و اسمہائے ایشاں کہ در تحریر آوردہ شدہ است محض از ترغیب طالباں و سلوک سالکاں تا آنکہ نکات ایشاں شنیدہ و در طلب حق تیز رو شوند و سستی و کاہلی را پس پشت انداختہ دامن بزرگاں بگیر ند الٰہی بہ برکت و حرمت ایں بزرگواراں کہ غائب و حاضر اند مارا و جمیع مومناں را کہ طالب حق اند عاقبت خیر گرداں و در زمرۂ ایشاں مندرج گرداں بحرمت النبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم۔

یعنی اس کے بعد شہر مقطع سکندریہ جانے کا حکم ہوا فقراء کی جماعت کے ساتھ جہاز پر سوار ہوتے قدرتاً مخالف ہوا کے چلنے سے جہاز دوسری طرف چل نکلا کہ جس طرف کبھی کوئی جہاز نہ گیا تھا۔ جہاز گھر سے سمندر میں چل دیا کہ جہاں سے کنارہ کی کوئی نظر نہ پڑتی تھی مالک جہاز نے کہہ دیا کہ اسطرف کبھی کوئی نہیں گیا کوئی پتہ نہیں کہ کہاں پہنچیں گے چند دن بعد ہم نے ایک بلند و سیاہ پہاڑ دیکھا جس پر بڑے بڑے درخت تھے نزدیک پہنچ کر دیکھا کہ ایک بڑا اور گنجان آباد شہر ہے قدرتاً جہاز اسی شہر کی بندرگاہ میں رکا اور وہاں کے لوگوں نے کبھی جہاز نہ دیکھا تھا وہ درود پڑھتے اور تعجب کرتے تھے اور کہتے تھے کہ یہ کیا چیز ہے اور کس کام آتی ہے میں نے کہا سبحان اللہ یہ کیسی مخلوق ہے

Marfat.com

جیسے خدا کی دوسری مخلوق کا کوئی علم نہیں اور نہیں جانتے کہ دنیا میں کوئی اور ہے
یا نہیں وہ یونانی تھے وہ انجیل پڑھتے اور یونانی بولتے تھے اور بعض عربی خواں
بھی تھے ہم سب جہاز سے اُتر کر شہر میں آئے دکاندار اور سوداگر کاروبار میں
مشغول تھے جماعت فقرار نے اُن سے شہر کا نام پوچھا تو اُنہوں نے رومیہ بتایا
اور کہا کہ یہ شہر حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل ہے اس شہر میں
کبھی کوئی لشکر نہیں آیا اور نہ ہی کسی نے فتح کیا ہے مگر حضرت امام مہدی
موعود آخرالزماں جو اللہ تبارک وتعالیٰ کے حکم سے آکر فتح کریں گے اور دو
شہر اور بھی ہیں جو اس شہر سے بہت بڑے ہیں امام مہدی موعود ان شہروں
کو بھی فتح کریں گے ہر آفت اور بلا سے محفوظ ہیں یہ پوچھنے کے بعد ہم جماعت
فقرار کے دل میں خیال گزرا کہ کوئی ہمزبان وہم مشرب آدمی مل جائے۔ شہر
میں داخل ہوئے تو ایک صوفی تسبیح خواں شرعی داڑھی والا اونچے مقام پر
بیٹھا ہوا ہے اس جماعت کو دیکھ کر کھڑا ہوگیا سلام کیا اور کہا کہ یہ راہ لیکر
اُوپر آجائیں۔ مرحبا، مرحبا کہتے ہوئے سب سے بغلگیر ہو کر بیٹھے اور ملک شیراز
خراسان و عرب کے حالات پوچھے اور آہ کھینچی اسے عربی خواں دیکھ کر خوش
ہوئے اور شکر کیا کہ ہم جنس ملا وہ روتا اور آہ بھرتا تھا ہم نے اس سے احوال
پوچھا۔ کب سے یہ خرقہ پہنا ہے اور جائے پیدائش کہاں ہے۔ کہا میرا وطن

Marfat.com

شیراز سے سخت مصیبت پیش آئی جو ایک حکایت ہے ہم نے واقعہ بیان کرنے کو کہا۔ سلطان سنجر نام شیراز کا بادشاہ میرا باپ ہے ہم دو بھائی تھے بچپن میں علوم حاصل کیے ایک دن میرا باپ گازرون گیا تو انہیں معلوم ہوا کہ یہ ابو اسحق گازرونی نام کے بزرگ آرام فرما ہیں اور ایک سو چالیس سال سے ایک چراغ جو انہوں نے خود روشن کیا تھا اسی تیل اور اسی بتی سے تا حال روشن ہے جب وہاں زیارت کیلئے پہنچے تو غیرت اور امتحان کی غرض سے وہ چراغ بجھا دیا اور اندھیرا کر دیا ابھی ایک تیر دُور نہیں گئے تھے کہ چراغ دوبارہ جل گیا گویا کہ بجھا ہی نہ تھا بادشاہ نے کوئی عذر اور معذرت نہ کی ایک ہفتہ کے بعد سلطان ابو اسحق کے مرید و معتقد جن آئے اور سلطان سنجر شاہ شیراز کے دونوں بیٹوں کو پکڑ کر غائب ہو گئے میرے بڑے بھائی کو دونوں آنکھوں سے اندھا کر دیا اور میری آنکھیں باندھ کر اس شہر میں لے آئے اور کوئی نقصان نہ پہنچایا۔ بلکہ ایک زنبیل مجھے دی جو کبھی خالی نہ ہوتی تھی اس شہر میں میرا کوئی واقف یا قرابت دار نہیں ایک بزرگ ہیں جو متبحر عالم ہے جن کو اپنی بزرگی سے میری خبر ہو گئی اور مجھے اپنی فرزندی میں لے لیا انہوں نے اپنی فراست سے معلوم کیا کہ عربی خواں ہوں مجھے انجیل اور توراۃ کیطرف راغب کرنا چاہا اور حکم دیا کہ تینوں علم نجوم ہیں اور سب حاصل ہیں میں نے پوچھا کہ اس بزرگ کا نام کیا ہے؟ اس

Marfat.com

کا نام سید علی ہے ۔ میں نے ملنے کی خواہش کی تو کہا کہ میں پہلے آپکی خبر پہنچاؤں
گا شاید بلالیں ۔ شیراز کے شہزادہ کا نام خواجہ خضر ہے اور اس نے اس جماعت
کے لئے روزینہ مقرر کیا اور اپنے آستانہ میں ٹھہرایا اور اپنے کھانے سے کوئی
چیز فقیر کو دیتا اور خود اس بزرگ میاں سید علی کیطرف متوجہ ہوا ۔ اور اس
رات وہاں رہ کر ہم جماعت فقراء خوش ہوئے ہم نے اللہ تبارک وتعالیٰ کا شکر
کیا کہ ہم نے گھر کیطرح رات بسر کی صبح سویرے سید علی بمعہ مریدان معتقدان
خواجہ خضر کے آستانہ پر تشریف فرما ہوئے ہم کھڑے ہوئے اور معلوم کیا کہ
واقعی یہ بزرگ سید ہے ہم اُن سے مشرف ہوئے حضرت سید علی نے پوچھا کہ اسے
سید اسجگہ کوئی نہیں آیا اپنے آنیکی وجہ بتائیں ۔ میں نے کہا کہ قدرت غالب
ہے اسکے آگے کسی کو چوں وچرا کی مجال نہیں ۔ پھر پوچھا کہ اسم مبارک کیا ہے؟
میں نے کہا ۔ جلال ۔ کہا کہ نہیں ، تمہارا نام سید جلال الدین جہانیاں جہانگیر ہے
میں نے کہا کہ آپکو کیسے معلوم ہے کہا آپ کے دادا حضرت محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم اس فقیر پہ بہت مہربان ہیں اور یہاں آنے سے پہلے ساری رات
اُنکی خدمت میں حاضر رہا آپ اور آپ کے آباؤاجداد کے مناقب اور نام فرماتے
اور روشن ہو کہ میں بھی آپ ہی کے خاندان کا فرد ہوں اگر آپ چاہیں تو ابھی
خبر بادشاہ کو دوں شاید آکر قدم بوسی کرے میں نے کہا جیسا مناسب سمجھیں

Marfat.com

پھر فرمایا کہ آپکا یہاں آنا کس وجہ سے ہے میں نے کہا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ ہی بہتر
جانتا ہے کیونکہ ہمیں کوئی خبر نہ تھی اور نہ ہی اس شہر کا نام سنا تھا ہم جہاز
میں سوار تھے رب کی مرضی سے مخالف ہوا چلی اور جانے کی جگہ سے جہاز کا رخ
موڑ دیا اور یہاں لاکر پھینک دیا تمام مسافر آہ و نالہ کرتے تھے اس جماعت فقراء
کے انفاس شریفہ کی برکت سے جہاز ٹوٹنے اور غرق ہونیسے بچ گیا اور چند
روز بعد اس شہر میں پہنچ گئے یہ ہماری خوش قسمتی تھی کہ آپکی زیارت سے
مشرف ہوئے۔ بعدہٗ ہم نے سید علے سے پوچھا کہ اس شہر کی حقیقت بتائیے فرمایا
کہ اس علاقہ اور اس دریا میں تین شہر بڑے ہیں جو حاسدوں، منافقوں
اور کفار سے محفوظ ہیں اور کوئی نہیں جانتا کہ کہاں ہیں اور اس شہر کی کتنی آبادی
ہے اور ان تینوں شہروں کا خراج روضۂ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کو پہنچایا جاتا ہے کیونکہ ان شہروں کا تعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے
اور آج تک کسی نے فتح نہیں کیا اور نہ کریگا مگر حضرت امام مہدی موعود فتح کرے
گا اور یہاں رہائش رکھے گا ان تین شہروں میں تسلط ہوگا میں نے ان شہروں
کے طول و عرض کے متعلق پوچھا فرمایا اس شہر رومیہ کا طول ہزار میل ہے
اور عرض سات سو میل ہے اور اسکی فصیل میں تین سو ساٹھ دروازے
ہیں اور اس شہر کا احاطہ پانچ سو بازار کا ہے اور ہر بازار میں سینکڑوں دکانیں

Marfat.com

ہیں اور اس دریا میں دو شہر اور ہیں ایک قسطنطنیہ اور دوسرا قاطع اور دونوں
اس شہر سے بہت بڑے ہیں اور مجھے اس شہر میں لائے ہیں۔ بادشاہ شہر نے
اپنی استطاعت سے علوم کے حصول کیلئے۔ اس کے بعد سید علی ہم فقراء کو خواجہ
خضر کے پاس چھوڑ کر خود بادشاہ کے پاس چلے گئے اور ہم فقراء کے مناقب
بیان کئے اور بادشاہ کو بھی اتنا قریب تھا کہ کبھی کبھی رسالت پناہ کے حضور حاضر
ہوتے اور کہا کہ اے سید علی! ٹھہرو تاکہ میں بھی حضرت محمد رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مشرف ہوں اور رخصت لیں۔ آخر کار جاکر مشرف
ہوئے اور ان فقراء کے مناقب حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے سن
کر صبح سویرے ہی آستانہ خواجہ خضر پر تشریف لے آئے ان کی تعریف
کس زبان سے کی جائے اس کے بعد بادشاہ نے تمام سورۃ والنجم بیان
فرمائی اور اس کے بعد قسم قسم کے کھانے کھلائے اور کھانا کھانے کے بعد
فرمایا کہ اے سید اس ترکی گھوڑے پر سوار ہو کر شہر کی سیر کریں کیونکہ
آپ نے ملک خدا کی سیر کی ہے اور دیکھا ہے ایک دفعہ اس شہر کو جسکی حکایت
سن چکے ہیں دیکھیں۔ کچھ عرصہ بعد جہاز کے مالکوں نے آکر عرض کی اور پاؤں
پڑے اور کہا کہ برائے خدائے عزوجل جسطرح ہمیں اپنے انفاس شریفہ سے
اس دریائے قلزم سے باہر نکالا اسی طرح ہمیں اس دریا سے باہر نکالیں کیونکہ

Marfat.com

ہم حیرت میں ہیں کہ کسطرح اس دریائے بیکنار سے باہر نکلیں۔ ہمیں کوئی راہ دکھائی نہیں دیتی کہ کدھر سے آئے ہیں اور کدھر جائیں ہم نے انہیں تسلی دی اور کہا کہ انتظار کریں تاکہ ان بزرگوں سے خوشی سے اجازت لےلیں۔ چند روز رہے اُن کے ساتھ خوب صحبت رہی اور میاں سید علے سے کافی فتوح باطنی حاصل کئے اور دیکھا کہ یہ بادشاہ صاحب قدرت اور بزرگ ہیں انکے ساتھ بھی خوب موافقت رہی ایکدن صبح سویرے میں اور بادشاہ سوار ہوکر شہر کی سیر کی اور چار دن میں شہر کو دیکھا اور ہزاروں بازار اور چیزیں دیکھیں اور پانچویں دن سیر سے وا . ں خواجہ خضر کے آستانہ پر آئے بادشاہ نے اشارۃً ظاہر کیا کہ اس کے گھر ایک عجوزہ بالغہ ہے اور درخت میوہ دار ہے اسکی پیشکش کی۔ اگر قبول ہو۔ میں نے جواباً عرض کیا کہ مجھے سخت مصیبت درپیش ہے جس سے میں نہیں نبٹ سکا اس کے بعد ہم نے رخصت طلب کی اور راہنما بھی بادشاہ سے مانگے جو ہمیں اس دریا سے باہر نکالیں بادشاہ نے ملاحوں کو جو دریا سے واقف تھے ہمارے ہمراہ کیا۔ اور انہیں حکم دیا کہ فلاں جزیرہ میں پہنچا کر وہاں کے ملاحوں کو کہیں کہ ان بزرگوں کو فلاں شہر پہنچا دیں لبعدہٗ بادشاہ سے رخصت لے کر روانہ ہوتے اور جہاز میں آتے۔ راہنماؤں کو ساتھ لیا۔ خواجہ خضر نے خواہش ظاہر کی۔ سید علے سے اسکی رخصت لی اور ہم سب جہاز میں سوار ہو

Marfat.com

گئے الغرض جہاز کو ہوا موافق ملی اور اتنا تیز روانہ ہوا کہ پرندوں سے بھی تیز
اُڑتا چلا گیا کہ پندرہ روز کا سفر ایک ہی روز میں طے ہوا اور سات دن میں اس
جزیرہ میں پہنچ گئے جہاں بادشاہ نے فرمایا تھا ان ملاحوں کو واپس کیا اور وہاں
کے ملاحوں کو ساتھ لیا اور اس جگہ پہنچے جہاں بادشاہ نے فرمایا تھا۔ ملاحوں کو
رخصت کیا اور شہر میں داخل ہوئے یہ بہت بڑا شہر تھا اور یہاں ابو احمد نام ایک
بزرگ تھے جنکی خانقاہ پر لنگر تھا جس میں سات سو آدمی کھانا کھاتے تھے اور
جب عید کا دن آتا دو سو پچاس بھیڑیں ساٹھ گائیں، پانچ سو من چاول اور ایک
سو من گھی اس لنگر میں خرچ ہوتا تھا اور ایک سو بیس مٹکے شربت خرچ ہوتا تھا
اور ہر قسم کا شربت تیار کیا جاتا تھا بزرگ ابو احمد خوش ذوق بزرگ ہوئے ہیں۔
اور صاحب عشق اور عارف باللہ تھے علم حدیث میں یکتا تھے ان کے شاگرد وہاں
ایک سو تیس صاحب جلال ہوئے ہیں شیخ زین الدین مجتہد بھی وہیں گزرے ہیں
جو چالیس سال غار میں بغیر طعام و آب کے معتکف رہے صرف ایک دانہ کھجور
سے روزہ افطار کرتے اور جب حکم الٰہی سے غار سے باہر آتے ذکر کرتے اور درس
دیتے اور دو سال بعد حجرہ میں سوتے اور دوسرے تیسرے دن سانس لیتے اکثر
لوگ مُردہ سمجھتے چونکہ آنکھ کھلی ہوتی اور پلک نہ جھپکتے کئی دن اس کے مطبخ
میں بارہ ہزار تنکہ خرچ ہوتا جس سے قسم قسم کے کھانے تیار ہوتے اور غریب و

Marfat.com

امیر کھانا کھاتے اور حضرت زین الدین نے جس وقت سے مطبخ کیلئے آگ جلائی تھی
تا حال نہ بجھی تھی انکے جو بھی سجادہ نشین ہوتا رہا ہے کوئی بھی کسی امیر یا غنی کے
پاس نہیں گیا اللہ تبارک و تعالےٰ انہیں کافی رزق دیتا رہا ہے اور ہر روز برکتیں نازل
ہوتی رہی ہیں اور ان کے اصطبل میں ایک سو بارہ گھوڑیاں بندھی ہوئی تھیں
یہ فقیر چند یوم شیخ کی خدمت اور مگس رانی کرتا رہا۔ اللہ عزوجل کی عنایت سے
چند روز میں استغراق سے ہوش میں آکر اس فقیر کو دیکھا اور فرمایا۔ تو کون
ہے؟ میں نے کہا۔ بندۂ خدا۔ فرمایا۔ اے سید تیری جائے پیدائش اوچ ہے
یہاں کس لئے آئے ہو۔ کیونکہ آپکا یہاں آنا مشکل ہے میں نے جواباً وما من
دابۃ الا ھو اخذ بنا صیتھا۔ اللہ تعالےٰ نے اپنی قدرت سے آپکے پاس لایا ہے
اُمید ہے اسکی رحمت سے اور ہزار در ہزار شکر ہے کہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم کے دیدار سے مشرف ہوں۔ فرمایا۔ اے سید تو یہاں بغیر مقصد کے نہیں آیا
مدت ہوئی کہ رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آپکا ذکر آیا تھا کہ سید
جلال الدین جہانیاں جہانگیر ایک مقصد کیلئے مسافر ہوا ہے اور فرمایا تھا کہ تم
اور دوست اور معتقد برائے گدائی مسافر ہوئے ہو اس لئے ہر شخص اپنی ہمت کے
مطابق تمہاری اعانت کریں کہ مستحق ہو۔ یہ تقریر کر کے شیخ زین الدین نے انار
کا ایک دانہ اپنے منہ سے نکال کر میرے منہ میں دیا جس سے میرا دیگچہ شکم اتنا

Marfat.com

سیر ہوا کہ کسی چیز کی ضرورت نہ رہی اور قدرتاً وہ دوبارہ دریائے توحید میں مستغرق
ہوگئے نامعلوم کہ پھر کب ہوش میں آئے کیونکہ اس سے پہلے دو سال تک استغراق
میں رہے اور پھر دسویں سال ہوشیار ہوتے اور پھر اسی حالت میں چلے گئے
یہ حضرت زین الدین حضرت خواجہ اویس قرنی کی روحانیت سے تربیت یافتہ
تھے آپکے سجادہ کا نام شیخ ابو الوفا تھا بہت تعلیم یافتہ تھا اور سو آدمی اس کے
شاگرد تھے عارف ربانی تھا اور مرتبۂ کمال کو پہنچا ہوا تھا اس بزرگ کی صحبت
سے کافی محظوظ ہوئے وہاں کے لوگ اس کے معتقد تھے اس خانقاہ میں دُور
دُور سے طالبِ حق آتے تھے اور حسب المقدور فیض حاصل کرتے تھے۔ رضی
الدین نام میرا رفیق تھا جو گیارہ سال سے میرے ہمراہ تھا اور کافی تعلیم یافتہ تھا
اور راہ فقر میں بہت دسترس رکھتا تھا اس کا تعلق بھی سلسلہ اویسیہ سے تھا
اس نے ایکدن شیخ ابو الوفا سے کوئی چیز پوچھی شیخ نے خوشدلی سے اُسے بغل میں
لیکر کہا تجھ پر رحمت ہو تجھے اجازت ہے جو چاہو پوچھو اُس نے پہلے یہ سوال کیا
کہ انعام خدا کیا ہے؟ فرمایا۔ وہ دِن جسمیں یادِ خُدا ہو۔ پھر پُوچھا کہ صوفی کون ہے؟
فرمایا صوفی خرقہ اور سجادگی سے نہیں ہوتا اور رسوم وعادات سے صوفی نہیں ہوتا
بلکہ صوفی وہ ہوتا ہے جو آپکو نیست جانے۔ پھر پُوچھا کہ کیسے معلوم ہو کہ وہ بیدار
ہے؟ فرمایا جب خدا کو یاد کرے سر سے پاؤں تک خبر ہو۔ پھر پوچھا کہ صدق کیا

Marfat.com

ہے؟ فرمایا دل سے بات نکلے۔ پھر پوچھا۔خلوص کیا ہے؟ فرمایا۔ کہ جو کچھ خدائے تعالیٰ کیلئے کیا جائے اور جو خدا کیلئے نہ کیا جائے ریا ہے۔ پھر پوچھا صحبت کس سے کی جائے۔ فرمایا کسی سے نہیں کیونکہ اگر وہ کچھ کہے اور خُدا کچھ اور کہے۔

اس کے بعد شیخ ابوالوفا نے کہا کہ اے میری آنکھوں کے نور ہدرد طلب کر تاکہ تیری آنکھوں کا پانی تیرے لئے مفید ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ رونے والوں کو دوست رکھتا ہے اور فرمایا جو کہ سرود بجا کر خدائے تعالیٰ کو یاد کرتا ہے بہتر ہے کہ قرآن شریف پڑھے اس کے علاوہ اس بزرگ نے کئی نکات بیان کئے جو طالبانِ حق کیلئے خوش کُن تھے اسکے بعد فاتحہ پڑھی اور عرب کی طرف رخصت فرمائی۔ جہاز میں سوار ہوئے دوسرے فقراء بھی بچھڑ گئے لیکن خواجہ خضر شہزادۂ شیراز اور رضی الدین ہمراہ رہے ہم تینوں فقیر ایک بستی میں پہنچے جہاں منہا نکالتے تھے کہ وہاں مس کی کان تھی جہاز سے اُترے یہاں خلیفہ شیخ منصور حلاج گزرے ہیں ان کی حکایت سُنی کہ حضرت شیخ حجرہ میں کپاس دھنتے تھے کہ اس کسب میں کامل تھے ایک دن ایک عورت کپاس دھننے کیلئے لائی کہ اس کا گوز نکل گیا خواجہ نے سُن کر ان سُنی کر دی۔ اور وہ عورت شرمندگی کی وجہ سے سر نیچے کئے بیٹھی تھی کہ اچانک ایک آدمی نے خواجہ سے آکر کچھ پوچھا۔ خواجہ خاموش رہا پھر اس شخص نے اونچی آواز سے کہا۔ تو کیا کہتا ہے؟ میں کانوں سے بہرہ ہوں کچھ نہیں سنتا پھر بتاؤ۔ وہ عورت خوش ہوئی۔ گوشہ میں جاکر

Marfat.com

غسل کیا اور شکرانہ کا دوگانہ ادا کیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس عورت کا دوگانہ قبول کیا اور خواجہ اس ستر پوشی کے سلسلہ میں انا الحق کے مرتبہ کو پہنچا اس کا وصال دنیا نے دیکھا۔ اسی سیر میں ایک اور عجبہ معلوم ہوئی کہ راستہ میں ایک بلند پہاڑ تھا جس میں ایک غار تھا لوگوں میں مشہور تھا کہ اس غار میں حضرت امام مہدی موعود آخرالزماں غائب ہے اس غار پر عالیشان محل بنایا ہوا ہے ہر صبح و شام اسجگہ نقارہ بجایا جاتا اور صبح کے وقت عراقی گھوڑا زر و جواہر سے مرصع غار پر لایا جاتا اور سب لوگ آواز دیتے کہ یا حضرت امام مہدی موعود آخرالزماں باہر آئیے یہ عجوبہ ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا اور دوسرا عجوبہ یہ بھی دیکھا کہ راستہ میں ایک وادی ہے وہاں خواجہ مرجان رہتے ہیں جو شتربان ہے اور قوم کا سردار ہے وہ اتنا دلیر ہے کہ ہر سیاح اور مسافر کو کھانا اور پانی وافر دیتا ہے اور ہر سال پانچ سو ساٹھ اونٹ حاجیوں کو زادِ راہ کیلئے اور سواری کیلئے براہ للہ دیتا تھا تاکہ آسانی سے کعبہ تک پہنچ جائیں اور اسی مقدار خرچہ دیتا تھا کہ راستہ میں کسی اور کے محتاج نہ ہوں اور جب حاجی حج کرکے واپس آتے اور بھوکے اور ننگے ہوتے ہیں تقریباً تیس ہزار آدمیوں کو خرچ اور کپڑے دیتا ہے اور بغداد پہنچاتا ہے اور ہر بزرگ زادہ اور درویش جو وہاں آتے اسکی ہر قسم کی خدمت کرتے ہیں اور

Marfat.com

جہاں وہ کہیے پہنچا تا ہے ایسا احسان و مروت کوئی بادشاہ یا غنی نہیں کرتا۔ یہ فقیر وہاں پہنچا اور خانہ کعبہ کی زیارت کی اور پھر روضۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں اپنی داڑھی سے صفائی کر کے پھر حرم مکہ میں واپس آکر اعتکاف بیٹھا۔ مکہ میں شیخ عبداللہ مطری خلیفہ اور امام تھے میرے چلہ کے دوران ایک دن شیخ صبح کی نماز پر حاضر نہ ہوتے اور مقتدیوں نے مجھے امامت کا حکم دیا پھر ظہر کی نماز پر شیخ تشریف لائے اور نماز پڑھائی نماز کے بعد وہاں کے بزرگوں نے شیخ سے پوچھا کہ صبح کہاں تھے؟ شیخ صاحب نے فرمایا کہ ملتان میں حضرت شیخ رکن الدین قطب العالم ابوالفتح حضرت مخدوم شیخ بہاؤالدین غوث العالم قدس سرہٗ العزیز کے دوہتے (نواسے) اس جہان سے رحلت فرما گئے تھے اُن کے جنازہ میں حاضر ہوا تھا اور حضرت محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بمعہ جملہ صحابہ کرام کے تشریف فرما تھے اور اس وقت یہ دعا گو حجرہ میں معتکف تھا۔ بزرگان میں سے ایک نے پوچھا کہ شیخ رکن الدین کا رتبہ قطبی کس کو ملا ہے؟ شیخ عبداللہ نے فرمایا کہ اس جوان کو، جو حجرہ میں معتکف ہے۔ چنانچہ تمام حاجیوں، مجاوروں اور بزرگوں نے اس دعا گو سے فاتحہ کہی اور شیخ عبداللہ نے فرمایا کہ اے سید جلال الدین ابھی آپ کو ملتان طلب کیا گیا ہے اور تقریباً

Marfat.com

ایک سو تیس آدمی مردان حق رحلت فرما چکے ہیں اور اسّی بزرگ جو زندہ ہیں سے تبرک لیئے ہوئے ہے اور یہ باتیں جو تحریر میں لائی گئی ہیں محض طالبانِ حق اور سالکان کی ترغیب کیلیئے ہیں تاکہ یہ کلمات سُن کر طلبِ حق میں تیز ہوں اور سستی اور کاہلی کو ترک کر کے بزرگان کا دامن پکڑیں الہیٰ بحرمت بزرگان غائب و حاضر ہم تمام مومنوں کی جو طالبِ حق ہیں عاقبت بخیر ہو اور ان بزرگان کے زمرہ میں شامل فرما بحرمت نبی آخر الزماں۔ آمین ثم آمین۔

تمت بالخیر

کتابت: ندیم آرٹ۔ کنگن روڈ۔ احمد پور شرقیہ

Marfat.com

# سرائیکی ڈوہڑے

فخر الشعراء
احمد علی شاہ مخمور

مدینہ ڈیکھن دی سِک ہوتے ، ہن اوچ شریف نظارے
جِتھاں چلدِن رات ڈیہاں ، رحمت دے فوارے
مسجد بنڑوائی محمدؐ بن قاسم راج دُلارے
سب حاجات پُورے تھیون ہِن مخمورؔ اشارے

—

دربار ہے محبوب سُبحانی آویں اتھاں ناں ہوش
راجن قتالؒ ، سید بخاری جلال الدین سُرخ پوش
مخدوم جہانیاں جہانگشتؒ ، فضل الدینؒ دوش بدوش
ہَر ویلے رونقاں ہوندِن مخمورؔ ہِن جوش خروش

*

Marfat.com

| جگہ جہاں حکم ہوا | صفحہ نمبر | جگہ جہاں حکم ہوا | صفحہ نمبر | جگہ جہاں حکم ہوا | صفحہ نمبر | جگہ جہاں حکم ہوا | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیت اللہ | ۱ | امام عبیدہ | ۲۲ | روم | ۵۱ | بدخشاں | ۷۷ |
| بیت المقدس | ۲ | شیخ شہاب الدینؒ | ۲۶ | ہمدان | ۵۲ | عراق | ۷۸ |
| شام | ۲ | دمیان | ۲۸ | بلخ | ۵۴ | کوہ پیراں | ۸۳ |
| دمشق | ۳ | کوہ قاف | ۲۹ | ہرلو | ۵۸ | حجر | ۸۶ |
| کربلا معلیٰ | ۴ | مدائن | ۳۴ | خراسان | ۵۹ | شہر فرنگیاں | ۸۷ |
| نہ وند | ۶ | توران | ۳۶ | حضرت امام شاہ علی موسیٰ رضا | ۶۰ | مزار شیخ سہیل تستری | ۹۲ |
| کوہ طورسینا | ۷ | غزنی | ۴۲ | استنبول | ۶۱ | شیخ عبداللہ ملتانی | ۹۴ |
| بغداد | ۸ | نیشاپور | ۴۳ | زندان | ۶۲ | شیخ نجم الدین اصفہانی | ۹۵ |
| سراندیپ | ۹ | رے | ۴۳ | حجا | ۶۴ | شیخ ضیاء الدین شامی | ۹۶ |
| مصر | ۱۳ | کرمان | ۴۵ | بروع | ۶۶ | شیخ شہاب الدین مصر | ۹۷ ۹۸ |
| گازرون | ۱۹ | شیراز | ۴۸ | گنجہ | ۶۷ | شیراز کرمان | ۱۰۰ ۱۱۴ |
| نخشوان | ۲۱ | کشمیر | ۴۹ | خیبر | ۷۰ | مقطع رسکہ | ۱۱۷ |

Marfat.com

الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار فیصل آباد

Marfat.com

الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار فیصل آباد

Marfat.com